سوال

(283)زید حنفی ہے وہ کہتا ہے کہ رفع الیدین کرنانا جائز ہے

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

زید حنفی ہے وہ کہتا ہے کہ رفع الیدین کرنانا جائز ہے۔ بلکہ امام صاحب بھی رفع الیدین نہیں کیا کرتے تھے۔ توپھر ہم کیوں کریں۔ اور کہتا ہے کہ عرب میں رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں جب مسلمانان عرب نماز پڑھتے۔ تومفافقان عرب اپنی آستین میں بت بنا کر بحالت قیام رکھ دیتے تھے۔ جو باعث تکلیف ہوتی تھی۔ اور یہی وجہ ہے کہ لوگ رفع الیدین کرتے جبکہ رسول اللہ ﷺ سر زمین عرب میں تھے۔ اب کرنے کی کیا ضرورت۔ اور امام صاحب کو رفع الیدین کرنے سے نفی میں لاتے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے یا نہیں؟ اور رفع الیدین کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

زید کا کہنا کہ حنفی مذہب میں رفع الیدین سنت صحیح نہیں ہے۔ مگر یہ کہنا کہ عرب آستینوں میں بت رکھا کرتے تھے۔ محض بے ثبوت بات ہے۔ جو کسی معتبر کتاب میں نہیں(1)

1۔ اور اسی طرح رفع الیدین کے سنت ہونے سے انکار کرنا بھی دلائل صحیحہ کی رو سے غلط ہے۔ (محمد داوٴد راز)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص483

محدث فتویٰ